आदमी

آدمی

اداکاران
دلیپ کمار۔ وحیدہ رحمان
منوج۔ سیما۔ پران

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

فلم زدی

گانا نمبر ۱

کاری بدریا ملاوے نجریا
مورا جیا اُڑا جائے رے
دہیرے سے جل ارے بیری پون
مورا گورا بدن جل جائے رے
پی کی پکار کو پی پی پپیہا رے
دل کو بیری ہلائے رے
کلی کلی جو بھنورا ڈولن لاگے
بیٹھی میٹھی پیر اکر تجوا میں جاگے
اے منوا کو تھام لیو ترام
کوئی موری نجریا لبائے رے
پیا دِن نے کی سیج دیکھ موری
اَت اَنت بھڑکے جوانی موری
چڑھتی عمر یے جائے یوں اُدھر
رتیوں کو نیند یا نہ آئے رے

گانا نمبر ۲: کیسی حسین آج بہاروں کی رات ہے
ایک چاند آسماں پہ ہے ایک میرے ساتھ ہے
او دیکھ والے تو نے تو کر دی کمی نہ کی

اب کس کو کیا ملا یہ مقدر کی بات ہے
چھایا ہے حسن و عشق پہ ایک رنگ بیخودی
آتے ہیں زندگی میں یہ عالم کبھی کبھی
ہر غم کو بھول جاؤ خوشی کی بارات ہے
آئی ہے یہ بہار کہ نغمے ابل پڑے
ایسی خوشی ملی ہے کہ آنسو نکل پڑے
ہونٹوں پہ ہیں دعائیں مگر دل پہ ہاتھ ہے
نسی سیمنٹ کے پیار کے گلشن میں آ گئے
میری جیبی بھی آہ کے دامن میں آ گئی
بھنورا کلی سے دور نہیں ساتھ ساتھ ہے
گانا نمبر ۲:- کل کے سپنے آج بھی آنا
پریتم کو بھی ساتھ ہی لانا
آج بھی دن ہے مدھر سہانا
باج رہی من کی بانسریا
نینوں کے تٹ پہ پریم کے رتھ پہ
لوٹ کے آ تو آج سنانوریا
میں بھی گنا دوں دل کا ترانہ
جھومتے بادل آتے
جھرنے آج کسی کو ڈھونڈھ رہے ہیں
میں تو یہ جانوں سارے نظارے
سجنا تمہی کو ڈھونڈ رہے ہیں

آج مجھے بھی درس دکھاتا
میری نگریا آ میرے رسیا
ڈگر ڈگر میں اکھیاں بچھاؤں
دل میں تمہیں بٹھاؤں نین ملا کے
جنم جنم کی پیاس بجھاؤں
تو اسے سمجھاؤں پریت نبھانا

گانا نمبر ۲ — میں ٹوٹی ہوئی ایک نیا ہوں
مجھے چاہے جدھر لے جاؤ
جی چاہے ڈبو دو موجوں میں
یا ساحل پر لے جاؤ
اک تم ہی سہارا ہو میرا
جیون کی اندھیری راتوں میں
دنیا کی خوشی تقدیر کا غم
سب کچھ ہے تمہارے ہاتھوں میں
اب چاہے ادھر لے جاؤ مجھے
یا ادھر لے جاؤ
مایوس نظر مجبور قدم
اجڑا ہوا عالم ہے دل کا
جینا بھی یہ کوئی جینا ہے۔ منہ دیکھا نہ منزل کا
بیتے ہوئے دن مل جائیں جہاں
مجھے ایسی ڈگر پر لے جاؤ

آنسو نہ بہاؤ میرے لئے
غم مجھ کو اکیلے سہنے دو
ٹوٹے نہ تمہارا نازک دل
یہ درد مجھی تک رہنے دو
اب چھوڑ دو مجھ کو راہوں میں
یا دور نگر لے جاؤ
گانا مرد: تیری محبت پہ شک نہیں ہے
تیری وفاؤں کو مانتا ہوں
مگر تجھ کو کس کی آرزو ہے
یہ حقیقت بھی جانتا ہوں
نہ آدمی کا کوئی بھروسہ
نہ دوستی کا کوئی ٹھکانا
وفا کا بدلا ہے بیوفائی
عجیب زمانا ہے یہ زمانا
نہ حسن میں اب وہ دلکشی ہے
نہ عشق میں اب وہ زندگی ہے
جدھر نگاہیں اٹھا کے دیکھو
ستم ہے دھوکا ہے بے رخی ہے
بدل گئے زندگی کے نقشے بگڑ گیا پیار کا ترانہ
وفا کے بدلے میں زہر دے دو
اتار دو میرے دل میں خنجر

ہوسے سینچا تھا جس چمن کو
ہیں آج شعلے اسی کے اندر
میرے ہی گھر کے چراغ نے
جلا دیا میرا آشیانہ
گانا نمبر ۶۔ شانتی پرانی رتیوں سے
کوئی مجھے آواز نہ دے
درد میں ڈوبا گیت نہ دے
غم کا سسکتا ساز نہ دے
بیتے دنوں کی یاد تھی جس میں
میں وہ ترانے بھول چکا
نہ وہ دل نہ صنم نہ وہ دین دھرم
دور ہوں سارے گناہوں سے
جیون بدلا دنیا بدلی
من کو انوکھا گیان ملا
آج مجھے اپنے ہی دل میں
ایک نیا انسان ملا
پہنچا ہوں وہاں نہیں دور جہاں
بھگوان بھی میری نگاہوں سے

ختم شد

ریڈیو گائیڈ

ریڈیو کے کام کو بطور پیشہ اختیار کرنے کے علاوہ
شوقیہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کتاب میں آجکل کے
تمام ریڈیو رسیور یعنی لوکل سیٹ۔ آل انڈیا سیٹ ریڈیو سیٹ بجلی
اور بیٹری کے ریڈیو ٹرانسمیشن کا پورا پورا بیان ہے۔ اور
اُن کے رسیو کرنے کا طریقہ اور ٹرانسمیٹر کا پورا پورا حال
درج ہے۔ ریڈیو رسیور کے ہر ایک پرزے کی شکل دیکر
سمجھایا گیا ہے۔ کتاب ہذا ایک مبتدی یعنی جو ابھی
ریڈیو کے متعلق کچھ بھی نہیں جانتا۔ اس کیلئے ریڈیو کے
متعلق بہترین مقالات اور اشارات اور نکات مفصل
طور سے درج ہیں۔ تقریباً تمام ریڈیو کے متعلق تمام
باریکیاں بخوبی سمجھائی گئی ہیں۔ جن کی مدد سے ہر ایک
تھوڑی سی تحقیق اور توجہ کے بعد ماسٹر آف آرٹ
بن سکتا ہے۔ عوام ریڈیو کے کاروبار سے تعلق رکھنے
والے حلقوں میں بیحد پسند کیا گیا ہے۔ ریڈیو رکھنے والے
حضرات آج ہی اس نادر کتاب کی ایک جلد منگوا کر
فائدہ اٹھائیں۔

قیمت صرف چھ روپے علاوہ ڈاک خرچ

زین اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی